سوال

(287) میں نے آپ کا ایک مکتوبہ پڑھا الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے آپ کا ایک مکتوبہ پڑھا جو ''۲۴ ۵ ۱۴۲۱ھ'' کو مسافت قصر اور مدت قصر کے بارے میں رقم کیا گیا تھا۔ مضمون تشفی بخش تھا، لیکن اس میں سے ایک بات سمجھ میں نہیں آسکی، اس لیے کہ فقہ السنہ میں لکھا ہے کہ : ((وحمل هذه الآثار على أنَّ رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ لم يَجْمَعُوا الاقامة البتة بل كانوا يقولون : اليوم نخرج غدا نخرج وفي هذا نظر لا يَخْفَى فان رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مكة وهي كما هي وأقام فيها يؤسس قواعد الاسلام ويهدم قواعد الشرك ويحدامرا حولها من العرب ومعلوم قطعا ان هذا يحتاج الى اقامة ايام ولا يتاتى في يوم واحد ولا يومين۔ الخ)) 1[''امام احمد فرماتے ہیں جب کسی نے چار روز اقامت کی نیت کرلی، وہ نماز پوری پڑھے گا اور اگر اس سے کم کی نیت کی تو قصر کرے گا۔ انہوں نے ان تمام روایات کو اس بات پر محمول کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے اقامت کی بالکل نیت نہ کی تھی، بلکہ وہ یہ کہتے تھے کہ ہم آج نکلیں گے، کل نکلیں گے۔ یہ بات محل نظر ہے جو کہ مخفی نہیںہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح فرمایا وہ جس طرح کا تھا ویسے ہی تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں اسلام کی بنیادیں قائم کرنے اور شرک کی بنیادیں گرانے، نیز اردگرد کے عرب کے لیے آپ راستہ ہموار کرنے کو بیٹھے تھے۔ یہ بات اچھی طرح معلوم ہے کہ اس میں کئی دن ٹھہرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ یہ کام ایک یا دو دن میں نہیں ہوسکتا۔] مندرجہ بالا عبارت کے مطالعہ سے مجھے اس مسئلہ میں کافی تشویش پیدا ہوگئی ہے۔ لہٰذا شفقت فرماتے ہوئے اس بات کی وضاحت کرکے مشکور فرمائیں۔ اور ان دلائل کا محاکمہ کریں۔ (ابوبکر عرفان جاوید بن محمد اسلم، حویلی لکھا)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے فقہ السنہ سے جو عبارت نقل فرمائی وہ محض خطابت و شعر پر مبنی ہے نہ اس میں کوئی آیت لکھی گئی، نہ ہی حدیث اور نہ ہی عقل و واقع کی کوئی بات۔ دیکھیں آپ نے احادیث میں پڑھا ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی علاقہ فتح فرماتے، تو وہاں تین دن قیام کرتے۔ 2 اب فتح مکہ والے واقعہ کو آپ کے اس اصول سے مستثنیٰ بنانے کی کیا دلیل ہے؟ باقی انیس دن قیام والی روایات میں ارادہ بنا کر قیام کا کہیں ذکر نہیں۔ رہی تأسیس قواعد اسلام اور تہدیم قواعد شرک والی بات تو آپ غور فرمائیں نبوت سے لے کر فتح مکہ تک تقریباً بائیس سال کا عرصہ بنتا ہے آیا اس عرصہ میں آپ نے تاسیس و تہدیم کا مذکور کام نہ کیا؟ کیوں نہیں ضرور کیا۔ سوچیے بدر، اُحد، خندق، حدیبیہ اور خیبر کے مغازی کس لیے تھے؟ تو فتح مکہ کے موقع پر انیس دن قیام والی روایات میں سے کوئی ایک روایت بھی اس بات پر دلالت نہیں کرتی کہ مکہ مکرمہ پہنچتے ہی یا پہنچنے سے قبل ہی آپ نے وہاں انیس دن قیام کا ارادہ بنالیا تھا۔ ((من ادعی فعلیہ البیان والبرهان))

لہٰذا بات بالکل واضح ہے کہ دوران سفر چار دن سے زائد عرصہ ارادہ بنا کر قیام کی صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قصر ثابت نہیں۔ ثبوت ارادہ کے بغیر قیام کی صورت میں بیس دن سے زیادہ قصر کرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ واللہ اعلم۔ ۱۱ ۳ ۱۴۲۲ھ

1فقہ السنۃ السید سابق کتاب الصلاۃ، صلاۃ المسافر

2ابوداؤد المجلد الثانی کتاب الجہاد باب فی الامام یقیم عند الظہور علی العدو لعرصتھم

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد04